# بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن، کراچی

سیکنڈری اسکول سرٹیفیکیٹ ایگزامینیشن ۲۰۲۲ء (سالانہ)

## نیو ماڈل پیپر

## اُردُو سلیس (آسان اُردُو)

وقت: ۳ گھنٹے | جماعت دہم۔ (جنرل گروپ) | کل نشانات: ۷۵

ریگولر اور پرائیویٹ امیدواروں کیلئے

### حصّہ ''الف'' (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) 40%

سوال نمبر ۱۔ ۳۰ کثیر الانتخابی سوالات تمام سلیبس سے دیئے جائیں گے۔ ہر سوال کا ایک (01) نمبر ہے۔ (نشانات ۳۰)

### حصّہ ''ب'' (مختصر جواب کے سوالات) 40% (نشانات: ۳۰)

۲۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:- (۴)

(i) فاطمہ بنتِ عبداللہ جیسی عظیم مجاہدہ کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(ii) حضرت عمر بن عبدالعزیز کا دورِ خلافت اسلام کا سنہرا دور کیوں کہا جاتا ہے؟

(iii) مرزا غالب کے خطوط کی تین خصوصیات تحریر کیجیے۔

(iv) قومی اور علاقائی زبانوں کے باہمی ربط سے کیا فوائد حاصل ہوتے ہیں؟

۳۔ درج ذیل میں سے کسی دو کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (۴)

(i) نعت اور مناجات کی تعریف تحریر کیجیے۔

(ii) حضرت فاطمۃ الزہراؓ کے گھر کا کیا حال تھا؟

(iii) جو لوگ ہمت ہار جاتے ہیں ان کا کیا حال ہوتا ہے؟

(iv) حالی کے خیال میں اللہ کا سب سے مقبول بندہ کون سا ہے؟

۴۔ سبق ''فضول رسمیں'' کا مرکزی خیال ۔۔یا۔۔ سبق ''نام دیو مالی'' کا خلاصہ مصنف کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (۵)

۵۔ نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کا خلاصہ ۔۔یا۔۔ نظم ''حضرت ابوبکر صدیقؓ'' کا مرکزی خیال شاعر کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (۵)

جاری ہے۔۔۔

NEW MODEL QUESTIONS PAPER
Result.pk

۶۔ درج ذیل اشعار میں سے کسی تین کی تشریح شاعر کے مختصر تعارف کے ساتھ کیجیے: (۶)

(i) ہر اک شے میں پاتا ہوں رنگ محبت — ہے طیبہ کا جب سے خیال اللہ

(ii) تمنا ہے تیری اگر ہے تمنا — تری آرزو ہے اگر آرزو ہے

(iii) نہ سنو، گر برا کہے کوئی — نہ کہو، گر برا کرے کوئی

(iv) کچھ تم سے بھی زیادہ مقدم ہے ان کا حق — جن کو کہ بھوک پیاس سے سونا حرام تھا

(v) مشقت کی ذلت جنھوں نے اٹھائی — جہاں میں ملی ان کو آخر بڑائی

۷۔ (الف) تین اسم فاعل۔۔یا۔۔ تین اسم مفعول تحریر کیجیے۔ (۳)

۔۔یا۔۔

درج ذیل میں سے تین الفاظ و محاورات کے جملے بنایئے۔

تجدید۔ ترقی۔ تقلید۔ ہنگامہ۔ موت کو ٹالنا

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے تین الفاظ کے متضاد بنایئے۔ (۳)

سناٹا۔ مخالف۔ زندگی۔ شہر۔ ظلم۔ محفوظ

Result.pk

## حصّہ ج (بیانیہ جواب کے سوالات) 20% نشانات: ۱۵

۸۔ اپنے دوست کے نام ایک خط لکھیے جس میں اس بات پر اظہار خیال کیجیے کہ امتحان کی تیاری کس طرح کرنی چاہیے۔ (۵)

۔۔۔۔یا۔۔۔۔

دو دوستوں کے درمیان ایک مکالمہ تحریر کیجیے جس میں تعصّب کے نقصانات بیان کیجیے۔

۹۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے: (۱۰)

(i) اتحاد و اتفاق کے فائدے

(ii) ایک دل چسپ اور یادگار سفر

(iii) کتاب بہترین دوست ہے

--------------------------

NEW MODEL QUESTIONS PAPER